10090 ـ کیا اپنی سترسالہ چچازاد بہن کے سر کا بوسہ لے سکتا ہے

سوال

میری ایک چچازاد جس کی عمر ستر برس ہے کیا میں اس کا پردے کے اوپر سے سر چوم سکتا ہوں یا اس سے مصافحہ کرسکتا ہوں کہ نہیں کیونکہ وہ بوڑھی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

آپ کا اس کے سرکا بوسہ لینا یا اس سے مصافحہ وغیرہ کرنا جائز نہیں ، بلکہ آپ کے لیے یہ مشروع ہے کہ آپ اس سے کلام کے ذریعہ سلام کرسکتے ہیں چاہے وہ بوڑھی ہی ہے اس لیے کہ وہ آپ کی محرمات میں شامل نہیں ۔

اس میں کوئي حرج نہیں کہ آپ اسے یہ کہہ لیں آپ اورآپ کی اولاد کا کیا حال ہے یا اس طرح کی کوئي اور کلام ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا) ۔

اوریہ حدیث بوڑھی اورغیرہ بوڑھی عورتوں سب کو عام ہے ، اورعائشہ رضي اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ :

(اللہ تعالی کی قسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ نے کبھی کسی عورت کے ہاتھ کوچھویا تک نہیں) یعنی غیرمحرم عورتوں کے ہاتھ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے بیعت بھی زبانی کیا کرتے تھے ۔ .